Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | ABC Certified | عوام کی بے ساختہ للکار

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 | ہفتہ، 28 اکتوبر 2023ء، 12 ربیع الثانی 1445ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 178

آڈیو لیک سکینڈل سپریم جوڈیشل کونسل کا جسٹس مظاہر کو شوکاز نوٹس

چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کی زیر صدارت سپریم جوڈیشل کونسل کا اجلاس، جسٹس سردار طارق مسعود اور جسٹس اعجاز الاحسن سپریم جوڈیشل کونسل کے اجلاس میں شریک تھے

اجلاس میں جسٹس مظاہر نقوی کے خلاف شکایت کے معاملے پر انہیں شوکاز نوٹس جاری کیا گیا ہے اور ان سے 10 نومبر تک شوکاز نوٹس پر جواب طلب کیا گیا ہے

مقبوضہ کشمیر کے عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے نکالی گئی ریلی کے موقع پر شرکا دعا کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) سپریم جوڈیشل کونسل نے جسٹس مظاہر نقوی کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کی زیر صدارت سپریم جوڈیشل کونسل کا اجلاس ہوا۔ جسٹس سردار طارق مسعود اور جسٹس اعجاز الاحسن سپریم جوڈیشل کونسل کے اجلاس میں شریک تھے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ امیر بھٹی اور چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس نعیم اختر افغان بھی (بقیہ نمبر 2)

شہباز شریف سے سابق ارکان قومی اسمبلی کی ملاقاتیں

علی پرویز ملک، شائستہ پرویز، افضل کھوکھر نے سیاسی سرگرمیوں بارے تبادلہ خیال کیا

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعظم و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف سے سابق ارکان قومی اسمبلی علی پرویز ملک، شائستہ پرویز ملک اور ملک افضل کھوکھر نے الگ الگ ملاقاتیں کر کے جماعتی و سیاسی سرگرمیوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ شہباز شریف نے 21 اکتوبر کے تاریخی جلسے کے انعقاد میں پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں کی محنت کو سراہا۔ شہباز شریف نے کہا کہ قائد نواز شریف کی پاکستان آمد نے سیاسی (بقیہ نمبر 1)

کشمیریوں کا جذبہ انہیں آزادی دلوا کر رہے گا، محسن نقوی

مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پر دنیا کی خاموشی کا کوئی جواز نہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کی دن بہ دن خراب ہوتی صورتحال پر دنیا کی خاموشی کا کوئی جواز نہیں۔ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی جارحیت کے خلاف یوم سیاہ کے موقع پر نگران (بقیہ نمبر 5)

پی آئی اے کی ڈوبتی کشتی کو وفاق کا سہارا

نئے قرض ملنے کی امید پیدا ہوگئی

پی آئی اے کیلئے 20 ارب روپے کا نیا قرض اور حکومتی قرض 6 ماہ کیلئے ری شیڈول کیے جانے کا امکان

کراچی / اسلام آباد (این این آئی) پی آئی اے کی ڈوبتی کشتی کو وفاق کا سہارا، نئے قرض ملنے کی امید پیدا ہوگئی، پی آئی اے کیلئے 20 ارب روپے کا نیا قرض اور حکومتی قرض 6 ماہ کیلئے ری شیڈول کیے جانے کا امکان (بقیہ نمبر 4)

ظفروال سیکٹر سیالکوٹ میں بھارتی فورسز کی بلا اشتعال فائرنگ کی مذمت

بھارتی فورسز نے ورکنگ باؤنڈری پر سیز فائر کی کھلم کھلا خلاف ورزی کی، نگران وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیر داخلہ سرفراز احمد بگٹی نے ظفروال سیکٹر سیالکوٹ میں بھارتی فورسز کی بلا اشتعال فائرنگ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی فورسز نے ورکنگ باؤنڈری پر سیز فائر (بقیہ نمبر 3)

کشمیر پر بھارتی قبضہ کے 76 سال مکمل

یوم سیاہ پر ریلیاں

بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں بھارتی غیر جمہوری اور غیر قانونی اقدامات اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور چوتھے جنیوا کنونشن کی براہ راست خلاف ورزی ہیں

آج کشمیر دنیا کا ایک ایسا خطہ ہے جہاں سب سے زیادہ قابض فوج تعینات ہے، کشمیری عوام کے حقیقی نمائندے برسوں سے غیر معینہ مدت تک پابند سلاسل ہیں، نگران وزیراعظم کا پیغام

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں بھارتی غیر جمہوری اور غیر قانونی اقدامات اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور چوتھے جنیوا کنونشن کی براہ راست خلاف ورزی ہیں، بھارتی حکومت کو 5 اگست 2019 کے یکطرفہ اور غیر قانونی اقدامات کو واپس لینا چاہیے، پاکستان کشمیریوں کے ناقابل تنسیخ حق خودارادیت کے حصول کے لیے (بقیہ نمبر 8)

گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری اسلام آباد میں صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے ایوان صدر میں ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان تحریک انصاف کیخلاف ممنوعہ فنڈنگ کیس سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان تحریک انصاف کیخلاف ممنوعہ فنڈنگ کیس سماعت کیلئے مقرر کر دیا گیا۔ الیکشن کمیشن میں پی ٹی آئی کیخلاف ممنوعہ فنڈنگ کیس کی سماعت یکم نومبر کو ہوگی، الیکشن کمیشن میں (بقیہ نمبر 7)

غیر قانونی مقیم افراد کے انخلا کی تاریخ میں توسیع نہیں ہوگی

غیر قانونی طور پر مقیم افراد کے انخلا سے متعلق تاریخ میں توسیع نہیں ہوگی، وزیر داخلہ

اسلام آباد: (اے ایف پی) ملک میں غیر قانونی طور پر مقیم افراد کے انخلا میں دو روز باقی ہیں جس کے تحت حکومت نے ایکشن پلان مرتب کر لیا ہے۔ غیر قانونی مقیم افراد کے انخلا سے متعلق تاریخ میں توسیع نہیں ہوگی، غیر قانونی غیر ملکی افراد کو واپس بھیجنے کی تیاری مکمل کر لی ہے۔ غیر قانونی مقیم افراد کے انخلا سے متعلق جیو فینسنگ اور جیو میپنگ مکمل (بقیہ نمبر 6)

صحافت اور سیاست کا چولی دامن کا ساتھ ہے، مرتضیٰ سولنگی

جمہوریت میں اختلاف رائے معمول کا حصہ ہے، میں خود صحافی برادری سے ہوں

ہمیشہ آزادی اظہار رائے کا حامی رہا ہوں اور اب بھی اس پر کاربند ہوں، نگران وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے کہ صحافت اور سیاست کا چولی دامن کا ساتھ ہے، میں خود صحافی برادری سے ہوں، ہمیشہ آزادی اظہار رائے کا حامی رہا ہوں اور اب بھی اس پر کاربند ہوں۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو یہاں پارلیمنٹ ہاؤس کے پریس لاؤنج میں پی آر اے کے صدر عثمان خان اور دیگر صحافیوں سے

مسلم لیگ ن کے صدر شہباز شریف سے رکن قومی اسمبلی علی پرویز ملک اور شائستہ پرویز ملک ملاقات کر رہے ہیں

حکومت آزادی اظہار کیلئے مکمل یقین رکھتی ہے، نگران وزیراعظم

میڈیا تنظیموں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ضروری اقدامات کئے جائیں گے، انوار الحق کاکڑ کی وزیر اطلاعات سے گفتگو

ملاقات میں وفاقی سیکرٹری اطلاعات ظہور احمد، پرنسپل انفارمیشن آفیسر طارق محمود خان اور مینجنگ ڈائریکٹر اے پی پی محمد عاصم بھی موجود تھے

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے ذرائع ابلاغ کے جائز مطالبات حل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت آزادی اظہار پر مکمل یقین رکھتی ہے، میڈیا ریاست کا بڑا اور اہم ستون ہے، میڈیا تنظیموں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ضروری اقدامات کئے جائیں گے۔ وہ نگران وفاقی وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی سے گفتگو کر رہے تھے جنہوں نے جمعہ کو (بقیہ نمبر 9)

استحکام پاکستان پارٹی سیاسی طاقت کا مظاہرہ کرنے کیلئے تیار

28 اکتوبر سے 9 دسمبر تک جلسوں کا شیڈول جاری کر دیا گیا، جہانگیر ترین، علیم خان خطاب کرینگے

لاہور (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی نے سیاسی طاقت کا مظاہرہ کرنے کے لئے تیاری کر لی۔ آئی پی پی آج (ہفتہ) کو خانیوال سے سیاسی جلسوں کا آغاز (بقیہ نمبر 22)

پشاور، گورنر خیبر پختونخوا حاجی غلام علی گورنر ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پاسپورٹ پرنٹنگ کے عمل کو مکمل آپریشنل کر دیا گیا

بروقت پاسپورٹ ترسیل کیلئے اضافی اسٹاف تعینات کر دیا گیا، ڈی جی پاسپورٹ

کراچی (این این آئی) محکمہ پاسپورٹ کی جانب سے پاسپورٹ پرنٹنگ سے متعلق اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ چند تکنیکی رکاوٹیں دور کر لی گئی ہیں۔ محکمہ پاسپورٹ کے مطابق پاسپورٹ پرنٹنگ کے عمل کو مکمل آپریشنل کر دیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 23)

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لئے یوم سیاہ منایا

قائد کا فرمان ہے ' کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے '، شہ رگ کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے۔ ڈاکٹر ملک توقیر احمد خان

کشمیریوں کی نظریں مسلم امہ پر ہیں، عملی طور پر ساتھ کھڑے ہونے کا تقاضا کرتے ہیں۔ ڈاکٹر اشرف وانی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی غاصبانہ قبضے اور انسانیت سوز مظالم کے خلاف یوم سیاہ منایا، سیمینار کا انعقاد کیا جس میں اساتذہ، افسران، ملازمین اور طلبہ نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کی صدارت ڈائریکٹر جنرل ریجنل سروسز، ڈاکٹر ملک توقیر احمد خان نے کی جبکہ نظامت کے فرائض شعبہ تاریخ کی چیئر پرسن، ڈاکٹر کشور سلطانہ نے انجام دیئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر ملک توقیر احمد خان نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ کشمیریوں کا ساتھ دیا ہے اور دیتا رہے گا۔ (بقیہ نمبر 17)

پاکستان اسٹیل ملز سے نکالے جانے والے ملازمین کی تعداد سامنے آگئی

اسلام آباد (این این آئی) خسارے میں چلنے والی پاکستان اسٹیل ملز سے نکالے جانے والے ملازمین کی تعداد سامنے آ گئی۔ دستاویزات کے مطابق پاکستان سٹیل ملز سے گزشتہ چار سالوں میں 5282 ملازمین کو نوکری سے نکالا گیا، ملازمین کو 3 مراحل میں نوکری سے برخاست کیا گیا۔ (بقیہ نمبر 18)

86 فیصد سربراہ خواتین کو منقولہ جائیداد میں حصہ نہیں دینا چاہتے

70 فیصد خواتین اس لیے بھی وراثت میں حصہ نہیں مانگتیں کیونکہ انہیں خاندان کے چھوٹ جانے کا خدشہ ہوتا ہے یا وہ جہیز کو وراثت کا متبادل سمجھتی ہیں

وراثت یا میراث کسی عورت کو اپنے والدین، بہن بھائی یا شادی کی صورت میں شوہر اور بچوں سے بھی مل سکتی ہے، محمد عبداللہ ایڈووکیٹ

مکوآنہ (این این آئی) 86 فیصد سربراہ خواتین کو منقولہ جائیداد میں حصہ نہیں دینا چاہتے جبکہ 91 فیصد چاہتے ہیں کہ اگر خواتین کو حصہ مل بھی جائے تو ان کا خود جائیداد پر کنٹرول نہیں ہونا چاہیے۔ آواز فاؤنڈیشن پاکستان کی رپورٹ کے مطابق 70 فیصد خواتین اس لیے بھی وراثت میں حصہ نہیں مانگتیں کیونکہ انہیں خاندان کے چھوٹ جانے کا خدشہ ہوتا ہے یا وہ جہیز کو وراثت کا متبادل سمجھتی (بقیہ نمبر 12)

فیض آباد دھرنے کے ذمے داروں کے تعین کیلئے فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی قائم

حکومت کی جانب سے بنائی گئی کمیٹی میں ایڈیشنل سیکریٹری داخلہ، ایڈیشنل سیکریٹری دفاع، ڈائریکٹر آئی ایس آئی شامل

فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی فیض آباد دھرنے سے متعلق شواہد اکٹھے کرے گی اور حاصل شواہد و دستاویزات اور ریکارڈ کا جائزہ لے گی

اسلام آباد (این این آئی) فیض آباد دھرنا کیس میں سپریم کورٹ کے 6 فروری 2019 کے فیصلے پر عملدرآمد اور دھرنے کے ذمے داران کے تعین کیلئے حکومت نے فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بنا دی۔ کمیٹی میں ایڈیشنل سیکریٹری داخلہ، ایڈیشنل سیکریٹری دفاع، ڈائریکٹر آئی ایس آئی شامل ہیں اس حوالے سے اٹارنی جنرل نے عمل درآمد رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرا دی ہے۔ اٹارنی جنرل کی رپورٹ میں (بقیہ نمبر 24)

سینٹ میں فلسطین کے مسئلے پر پیر کو بحث ہوگی، عرفان صدیقی

فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کیلئے وزیراعظم پیر کو سینٹ اجلاس میں شرکت کریں

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ میں فلسطین کے مسئلے پر پیر کو بحث ہوگی۔ جمعہ کو سینٹ اجلاس کے دوران سینیٹر مقبول احمد اور سینیٹر ایس ایم ظفر کے انتقال پر تعزیتی قرار دادیں منظور کی گئیں اور چیئرمین سینٹ نے بتایا کہ فلسطین کے مسئلے پر تین دن بات کریں (بقیہ نمبر 19)

معاشی بحران، پی آئی اے کا فلائٹ آپریشن محدود

مزید 58 پروازیں منسوخ، انٹرنیشنل پروازوں کو ہر صورت بحال رکھا گیا ہے

لاہور (این این آئی) شدید معاشی بحران کا شکار قومی ایئر لائن (پی آئی اے) کا فلائٹ آپریشن انتہائی محدود کر دیا گیا جس کے تحت جمعہ کے روز بھی مقامی اور بین الاقوامی 58 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق ادارے کا آپریشن انتہائی محدود کر دیا گیا ہے، صرف نفع بخش اور انتہائی ضروری سیکٹر کی انٹرنیشنل پروازوں کو (بقیہ نمبر 25)

پاسپورٹ پرنٹنگ کے عمل کو مکمل آپریشنل کر دیا گیا

بروقت پاسپورٹ ترسیل کیلئے اضافی اسٹاف تعینات کر دیا گیا، ڈی جی پاسپورٹ

کراچی (این این آئی) محکمہ پاسپورٹ کی جانب سے پاسپورٹ پرنٹنگ سے متعلق اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ چند تکنیکی رکاوٹیں دور کر لی گئی ہیں۔ محکمہ پاسپورٹ کے مطابق پاسپورٹ پرنٹنگ کے عمل کو مکمل آپریشنل کر دیا گیا ہے۔ ڈی جی پاسپورٹ کی جانب (بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد: ڈاکٹر راشد الیاس خان، صدر آئی سی آئی احسن بختاوری جواہرات اور معدنیات کی نمائش کا افتتاح رک رہے ہیں

شہباز شریف، مریم نواز کی سکیورٹی فول پروف بنا دی گئی

موومنٹ کے دوران جیمرز والی گاڑیاں ساتھ چلیں گی، 4 گاڑیاں اسکارٹ کریں گی

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب کے حکم پر سابق وزیراعظم شہباز شریف اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر مریم نواز کی سکیورٹی فول پروف (بقیہ نمبر 10)

نگران وزیراعظم نے پرنسپل سیکرٹری ڈاکٹر توقیر شاہ کا استعفیٰ منظور کر لیا

اسلام آباد (آئی آئی پی) نگران وزیراعظم نے پرنسپل سیکرٹری ڈاکٹر توقیر شاہ کا استعفیٰ منظور کر لیا۔ ڈاکٹر توقیر شاہ کو ایک ماہ نوٹس کی شرط سے رعایت دے دی گئی، ڈاکٹر توقیر شاہ 31 اکتوبر کو پرنسپل سیکرٹری کا عہدہ چھوڑ دیں گے۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے ڈاکٹر توقیر شاہ کا استعفیٰ منظور ہونے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ ذرائع کے مطابق ڈاکٹر توقیر شاہ کو ورلڈ بینک میں ملازمت مل گئی، آئندہ ماہ روانہ ہوں گے۔

سائفر کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست ضمانت مسترد

خصوصی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے سماعت کی

اسلام آباد (آئی آئی پی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سائفر کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست ضمانت مسترد کرتے ہوئے کیس کے اخراج کی درخواست بھی رد کر دی۔ تفصیلات کے مطابق سائفر کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست ضمانت پر (بقیہ نمبر 11)

کیس چوری میں ملوث افراد کیخلاف کارروائیاں، 193 کنکشن منقطع

592 انڈر بلنگ کیسز اندراج اپ ریس کر دیئے گئے، گیس چوری میں ملوث افراد پر 1 کروڑ 64 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کر دیے گئے ہیں

لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 54 گھریلو کنکشنز اور کمپریسر کے استعمال پر 4 کنکشنز منقطع کیے گئے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 193 گیس کنکشنز منقطع کر دیئے گئے، 592 انڈر بلنگ کیسز اندراج اپ ریس کر دیئے گئے، گیس چوری میں ملوث افراد پر 1 کروڑ 64 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کر دیے گئے ہیں۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 54 گھریلو کنکشنز اور کمپریسر کے استعمال پر 4 کنکشنز منقطع جبکہ 53 انڈر بلنگ کیسز پروسیس / اندراج کیے گئے۔ گیس چوری کے خلاف 12.33 ملین (بقیہ نمبر 16)

کارروائی کے دوران پکڑا گیا غیر قانونی کنکشن

روانہ برس پاکستان میں فضائی آلودگی کم ہونے کی امید

سینٹر فار ریسرچ آن انرجی اینڈ کلین ایئر نے تحقیقی رپورٹ جاری کر دی

کراچی (این این آئی) سینٹر فار ریسرچ آن انرجی اینڈ کلین ایئر نے رواں سال کی تحقیقی رپورٹ جاری کر دی جس کے مطابق رواں برس پاکستان میں فضائی آلودگی کم ہونے کی امید۔ سینٹر فار ریسرچ آن انرجی اینڈ کلین ایئر (کریا) کی جانب سے جاری کیے گئے اعلامیے کے مطابق رواں سال پاکستان میں فضائی آلودگی کی سطح (بقیہ نمبر 20)

روپے کی قدر میں بہتری قلیل مدت کیلئے ہے: بلوم برگ

جیسے ہی الیکشن قریب آئیں گے، فنانسنگ کے خطرات کے سبب روپے کی قدر کم ہوگی

کراچی (این این آئی) پاکستان کے روپے کی قدر پر رینگ ایجنسی گولڈ مین ساچ نے بلوم برگ کی رپورٹ میں کہا ہے کہ روپے کی قدر میں بہتری قلیل مدت کے لیے ہے۔ بلوم برگ کے مطابق جیسے ہی الیکشن قریب آئیں گے، فنانسنگ کے خطرات کے سبب روپے کی قدر کم ہو گی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ روپے کی قدر میں قلیل مدت کی بہتری (بقیہ نمبر 21)

خدیجہ شاہ کو 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجنے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے ٹوئٹر کی راحت بیکری کے باہر جلاؤ گھیراؤ کے مقدمے میں گرفتار پی ٹی آئی کارکن خدیجہ شاہ کو 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجنے کا حکم دے (بقیہ نمبر 26)

اسٹیٹ بینک مانیٹری پالیسی کا اعلان 30 اکتوبر کو کریگا

لاہور (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان مانیٹری پالیسی کا اعلان 30 اکتوبر کو کرے گا جس میں شرح سود برقرار رہنے کا امکان ہے۔ اعلان سے قبل اسٹیٹ بینک کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس ہوگا جس میں ملکی اور غیر ملکی معاشی صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا۔ نامور ماہرین (بقیہ نمبر 28)

کباڑیئے کے گھر میں گیس سلنڈر دھماکا، میاں بیوی، بچہ جاں بحق

صادق آباد (این این آئی) صادق آباد میں کباڑیئے کے گھر میں گیس سلنڈر دھماکے سے میاں، بیوی اور بچہ جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد کے علاقے الیاس کالونی میں کباڑیئے گھر کے اندر گیس دھماکے سے سلنڈر پھٹ گیا، واقعے میں میاں، بیوی اور بچہ جاں بحق گئے جبکہ واقعے میں ایک شخص زخمی ہوا۔

وزیر اطلاعات پنجاب عامر میر صوبے میں غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں بارے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

غزہ میں لوگ جل رہے دنیا مجرمانہ طور پر خاموش ہے: سراج الحق

لاہور (اے ایف پی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہا ہے کہ غزہ میں لوگ اور بچے جل رہے ہیں دنیا مجرمانہ طور پر خاموش تماشائی بنی ہے۔ منصورہ میں فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کیلئے نکالی گئی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے سراج الحق نے (بقیہ نمبر 13)

صوبے بھر میں 203 نئے مریضوں میں ڈینگی کی تصدیق

لاہور (این این آئی) گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران صوبے بھر میں 203 نئے مریضوں میں ڈینگی کی تصدیق ہوئی۔ سیکرٹری صحت علی جان خان کے مطابق لاہور میں 89، راولپنڈی میں 30، ملتان میں 25، (بقیہ نمبر 14)

مولانا فضل الرحمان سے ملاقات میں الیکشن پر زیادہ گفتگو ہوئی

فضل الرحمان نے کہا کہ سب پارٹیوں کو لیول پلیئنگ فیلڈ ملنی چاہیے، بیرسٹر محمد سیف

اسلام آباد (آئی آئی پی) جے یو آئی (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے حالیہ ملاقات کے حوالے سے رہنما تحریک انصاف کی وضاحت سامنے آ گئی۔ نجی (بقیہ نمبر 15)

غیر قانونی غیر ملکی افراد کے لیے مہلت

دن باقی

3

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

صدرِ مملکت اپنے منصب کا خیال رکھیں

صدر مملکت عارف علوی نے اپنے ایک انٹرویو میں سابق وزیراعظم اور پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کو اپنا لیڈر قرار دے کر ایک بار پھر اپنے منصب کی توہین کی ہے۔ اس سے پہلے بھی کئی مواقع پر وہ ایسے بیانات اور انٹرویوز دے چکے ہیں جن سے ایسا لگتا ہے کہ وہ وفاق کی علامت کے طور پر نہیں بلکہ پی ٹی آئی کے ترجمان کی حیثیت سے بات کر رہے ہیں۔ حالیہ انٹرویو میں انھوں نے یہ بھی کہا کہ ایوان صدر میں نہ ہوتا تو آج میں بھی جیل میں ہوتا۔ عام انتخابات کے انعقاد کے بارے میں بات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ یقین نہیں کہ الیکشن جنوری کے آخر میں ہو جائیں گے۔ مارچ تک الیکشن نہیں ہوں گے۔ حج پر نہ گیا ہوتا تو الیکشن ایکٹ 2017ء میں ترمیم پر دستخط نہ کرتا۔ الیکشن ایکٹ 2017ء نکی شق 57 ون میں ترمیم آئین کے خلاف ہے۔ صدر مملکت نے مزید کہا کہ پارلیمانی نظام میں اس بات کا امکان رہتا ہے کہ حکومت مدت پوری نہ کر پائے۔ عارف علوی کو بیانات اور انٹرویوز وغیرہ دیتے وقت اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ وہ کوئی سیاسی رہنما یا ایک عام آدمی نہیں بلکہ ریاست کے سربراہ ہیں۔ اگر انھیں پی ٹی آئی اپنی وابستگی بہت عزیز ہے یا وہ ایک سیاسی رہنما کے طور پر خود کو منوانا چاہتے ہیں تو وہ صدر مملکت کے منصب سے مستعفی ہو کر اپنا شوق پورا کر سکتے ہیں لیکن صدر کی مسند پر بیٹھ کر یہ سب کچھ نہیں کیا جا سکتا۔ ان کا یہ کہنا درست ہے کہ سب لوگ لیول پلیئنگ فیلڈ کی بات کر رہے ہیں اور ملک کے مستقبل کے لیے ضروری ہے کہ الیکشن صاف اور شفاف ہوں لیکن یہ تب ممکن ہے جب صدر مملکت سمیت سب افراد اپنے دائرِ ? کار کے اندر رہیں اور آئین میں بیان کردہ اپنی حدود سے تجاوز نہ کریں۔

فلسطین میں انسانیت کا قتل عام

تحریر۔۔۔خالد بیگ

یہ کس طرح کی جنگ ہے جس میں نہتے کشمیریوں' مرد و خواتین اور شیر خوار بچوں تک کو بمباری کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ فلسطین صدیوں پرانی تاریخی حیثیت رکھنے کے باوجود اپنا وجود کھو چکا ہے جبکہ اب یہ شناخت فلسطین میں بسنے والے ان مسلمانوں تک محدود ہو کر رہ گئی جنہیں بندوق کے دور پر پہلے اپنے گھروں سے نکال کر غزہ اور مغربی کنارے میں جیل نما مخصوص کیمپوں میں قیدیوں کی طرح منتقل کیا گیا اور پھر اس جیل خانہ کو بھی منقل بنا دیا گیا۔ صرف اس لیے کہ دنیا میں خود کو واحد قوت کے طور پر منوانے کے خبط میں مبتلا امریکہ اور اس کا حواری ملک برطانیہ فلسطین کے اردگرد عرب ریاستوں کو فلسطینیوں کے قتل عام کے ذریعے ڈرا کر اور دبا کر رکھنا چاہتا ہے۔ اب سوال اٹھتا ہے کہ یہ کونسی جمہوریت ہے امریکہ اور اس کے اتحادی مغربی ممالک جس کے علمبردار بنے پھرتے ہیں۔ جب کبھی یہودیوں کی بات آئے تو پھر نہ انہیں جمہوریت یاد رہتی ہے نہ ہی انسانیت جس کا قتل عام گزشتہ کئی ہفتوں سے غزہ میں جاری ہے۔ جہاں 75 برسوں سے اپنے ہی وطن میں قیدی بنائے گئے فلسطینیوں سے ان کا دفاع کا حق بھی چھین لیا گیا ہے۔ صرف اس لیے کہ وہ مسلمان ہیں جو گزشتہ سات دہائیوں سے اپنے لیے جینے کا حق مانگ رہے ہیں۔ یہی حق مانگنے پر انہی امریکہ و دیگر مغربی ممالک کی طرف سے دہشت گرد قرار دیا جا رہا ہے۔ ظلم کی انتہا یہ ہے کہ گزشتہ نصف صدی سے فلسطینیوں کو دوریاستوں کے قیام کا لارا دے کر انہیں اپنی مرضی سے زندگی گزارنے کا حق دینے کی بجائے جب کبھی وہ احتجاج کرتے ہیں تو ان پر آگ برسا دی جاتی ہے۔ ان کی عمارتوں کو بمباری کے ذریعے زمین بوس کر دیا جاتا ہے اور انسانی حقوق کا علمبردار امریکہ ہو یا تہذیب یافتہ دیگر مغربی ممالک سب غاصب اسرائیل اور قاتل صیہونیوں کی پشت پر کھڑے ہو جاتے ہیں۔

طرفہ تماشا یہ ہے کہ ہر چند ماہ بعد کبھی بیت المقدس میں مسجد اقصیٰ کی بے حرمتی کے ردعمل میں تو کبھی غزہ و مغربی کنارے میں قید کیے گئے فلسطینیوں کی طرف سے احتجاج کو بہانہ بنا کر اسرائیلی فورسز نہتے فلسطینیوں پر ٹوٹ پڑتے ہیں۔ پتھر پھینکنے والے کم عمر معصوم بچوں تک کو براہ راست فائرنگ کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ کشیدگی طول پکڑتی ہے تو اسرائیلی طیارے غزہ کی پٹی پر راکٹ برسانا شروع کر دیتے ہیں۔ جہاں متعدد کثیر المنزلہ عمارتیں اپنے مکینوں سمیت زمین بوس کر دی جاتی ہیں۔ اس طرح کی ہر اسرائیلی جارحیت کے بعد امریکی وزارت خارجہ حرکت میں آتی ہے۔ امریکی وزیر خارجہ عرب ممالک کے دوروں پر نکل کھڑا ہوتا ہے۔ اسرائیل کی فوج غزہ کی پٹی اور مغربی کنارے کی مکمل ناکہ بندی کر کے فلسطینیوں کو فاقوں پر اس طرح مجبور کرتی ہے کہ ان تک خوراک کے ساتھ ہی ادویات بھی نہیں پہنچنے دی جاتیں اور پھر خبر آتی ہے کہ امریکہ کی وزارت خارجہ نے اسرائیلی حکومت کو فلسطینیوں پر بمباری روکنے اور ان تک اشیائے خورد و نوش اور ادویات کی رسائی دینے پر رضا مند کر کے فلسطینیوں پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ دولت مند عرب حکمران فوری طور پر خزانوں کا منہ کھولتے ہیں اور ان کی طرف سے غزہ و مغربی کنارے میں تعمیر نو کے لیے لاکھوں ڈالر مختص کرنے کا اعلان ہو جاتا ہے۔ جبکہ دوسری طرف امریکہ اسرائیل کی دادرسی کے لیے اسے اربوں ڈالر کا مزید جدید اسلحہ روانہ کرتا ہے اور اسرائیل میں مغربی ممالک سے لا کر آباد کیے گئے ہیں یہودیوں کی فلاح و بہبود کیلئے الگ سے امداد کا اعلان کرتا ہے اور پھر فلسطینیوں پر اسرائیلی فوج کے آئندہ حملوں کا انتظار شروع ہو جاتا ہے۔

اگر گزشتہ سات دہائیوں پر نظر ڈالیں تو اسرائیل نے اپنے قیام سے لے کر آج تک فلسطینیوں پر ختم نہ ہونے والی ایسی جنگ مسلط کر رکھی ہے جس کے مستقبل قریب میں خاتمے کا کوئی امکان دکھائی نہیں دے رہا۔ یہ ایک ایسی جنگ ہے جس میں ایک طرف نہتے فلسطینی مرد و خواتین بچے ہیں تو دوسری طرف جدید ترین اسلحہ بردار فوج کا حامل اسرائیل ہے۔ فلسطینیو پر مسلط کردہ اس جنگ میں امریکہ سمیت تمام مغربی ممالک اس جنگ میں اسرائیل کے اتحادی ہیں۔ باقی ماندہ دنیا کے ساتھ ہی اسلامی ممالک کی خاموشی اور بے حسی ہے جو ٹوٹنے اور ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہی۔ جدید دور کی تاریخ میں عالمی سطح پر دو عظیم جنگیں لڑی گئیں۔ ان جنگوں میں لاکھوں اموات ہوئیں، کروڑوں لوگ بے گھر ہوئے لیکن نہ تو ہسپتالوں کو بمباری کا نشانہ بنایا گیا نہ ہی گرجا گھروں پر بمباری کی گئی۔ انہیں عظیم جنگوں کے دوران میدان جنگ سے زخمی فوجیوں کو ہسپتالوں میں منتقل کرنے والی ایمبولینسوں کی نشاندہی کیلئے ان کی چھتوں پر ریڈ کراس کے نشانات پینٹ کیے گئے تاکہ فضائیں پرواز کرنے والے جنگی طیارے ان پر بمباری سے پرہیز کریں لیکن یہاں تو معاملہ ہی نفرت اور فلسطینیوں کی نسل کشی کا ہے۔

غزہ پر حالیہ اسرائیلی حملوں میں اب تک 12 ہسپتال تباہ اور 25 کے قریب طبی مراکز غیر فعال کیے جا چکے ہیں۔ ظلم کی انتہا یہ ہے کہ زخمی فوجیوں کو نہیں بلکہ عام سویلین فلسطینی زخمیوں کو ہسپتال لے جانے والی ایمبولینسوں کو اسرائیلی جنگی طیارے اب تک تباہ کر چکے ہیں۔ ان ایمبولینسوں میں اکثریت ایسے معصوم اور بچوں اور خواتین کی تھی جنہیں تباہ شدہ عمارتی ملبے سے زندہ حالت میں نکال کر ہسپتال یا طبی مراکز منتقل کیا جا رہا تھا۔ اسرائیل کے جنگی طیارے ایک طرف غزہ پر حملہ آور ہیں تو ساتھ ہی امریکی صدر الگ سے مسلمان ممالک کو دھمکا رہا ہے کہ اگر انہوں نے فلسطینیوں کی محبت میں میں اسرائیل پر حملے کی جسارت کی تو تباہ و برباد کر دیئے جاؤ گے۔

مغربی استعمار کی بربریت دیکھیے کہ پوری دنیا سراپا احتجاج ہے لیکن برطانوی وزیراعظم جدید اسلحہ و گولہ بارود سے بھرا کارگو ہوائی جہاز لے کر اسرائیل کا دورہ کرتا ہے تاکہ اسرائیلیوں کو غزہ میں مزید قتل و غارت گری کیلئے مزید ہلہ شیری دی جا سکے۔ افسوس جب سے غزہ پر اسرائیلی حملوں کا آغاز ہوا ہے اسلامی سربراہی کانفرنس ہو یا عرب لیگ ان کی طرف سے زبانی کلامی، مذمتی بیانات اور منمناتی آزاد میں غزہ پر حملے روکنے کیلئے درخواستوں کے علاوہ تاحال کوئی ایسا عملی اقدام سامنے نہیں آیا جو اسرائیل کو غزہ میں تسلسل کے ساتھ جاری قتل عام سے روک سکے یا امریکہ و برطانیہ کو احساس دلا سکے کہ وہ فلسطینیوں کی نسل کشی پر تلے اسرائیل کو مزید شہ دے رہے ہیں۔

نواز شریف کی آمد اور بدلتی ملکی سیاست

تحریر: طارق محمود قاسمی

بالآخر چار سال کے بعد وہ گھڑی آ ہی گئی کہ جب مینار پاکستان کے سایہ میں کھڑے لاکھوں افراد مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں نواز شریف کا والہانہ استقبال کر رہے تھے نواز شریف کیلئے عوام کی بے لوث محبت اور ہمدردی کا جذبہ بہت عرصے بعد دیکھنے کو ملا لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں لوگ TV سکرین اور Youtube پر نواز شریف کا خطاب سن رہے تھے اس میں کوئی شک نہیں کہ نواز شریف کی آمد کے موقع پر مسلم لیگ (ن) نے مینار پاکستان پر لاکھوں لوگ جمع کرنے کا جو دعویٰ کیا تھا وہ من عن درست ثابت ہوا اور اس کا تمام تر کریڈٹ مسلم لیگ (ن) کی چیف آرگنائزر مریم نواز شریف کو جاتا ہے جن کی کئی ماہ کی مسلسل محنت سے ہی مسلم لیگ (ن) کو 21 اکتوبر کا دن دیکھنا نصیب ہوا انہوں نے ملک بھر کے نمائندوں اور کارکنوں سے رابطے کی بھرپور مہم چلائی اور اپنی نگرانی میں تمام تر تیاریوں اور انتظامات کو عملی جامعہ پہنایا مسلم لیگ (ن) کی پوری تنظیم کو متحرک کیا پارٹی ممبران، عہدیداران اور بلدیاتی نمائندوں سے ملاقاتیں کر کے ان کی بھرپور حوصلہ افزائی کی اور سب سے بڑھ کر پہلی مرتبہ مسلم لیگ (ن) نے میاں نواز شریف کی آمد پر پبلسٹی کو منظم انداز میں آگے بڑھایا لہو گرما دینے والا ترانہ لانچ کیا الیکٹرانک، پرنٹ اور سوشل میڈیا کو خوش آمدید نواز شریف کے نام سلوگن سے بھر دیا تاکہ نواز شریف کے نام کے ساتھ ساتھ پارٹی کا بیانیہ بھی عوام تک پہنچ سکے۔ چار سال قبل جب نواز شریف کو علاج کی غرض سے بیرون ملک بھیجا گیا تو کسی کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ نواز شریف جب واپس آئیں گے تو عوام کا سمندر اُن کے استقبال کیلئے موجود ہوگا لیکن پھر دنیا نے دیکھا کہ نواز شریف کس طرح ایک قومی رہنما کی حیثیت سے کروڑوں پاکستانیوں کی اُمیدوں کا محور بن کر واپس آئے نواز شریف کی آمد کے بعد جس چیز کا شدت سے انتظار کیا جا رہا تھا وہ تھا ان کا خطاب اور مستقبل کا سیاسی ایجنڈا، ان کے خطاب کی بہت سی باتیں قابل ذکر ہیں لیکن سب سے اہم بات انکی جانب سے وقت کے تقاضوں کے عین مطابق پوری قوم سیاسی طاقتوں اور ریاستی اداروں کو آئین اور قانون کی پاسداری کرتے ہوئے ملک کو بحرانوں سے نکالنے کی جدوجہد کا پیغام دینا ہے گو کہ نواز شریف نے اپنے خطاب میں غمگین لہجے میں خود پر اپنے خاندان اور جماعت کے سینئر رہنماؤں پر ہونے والے سیاسی انتقام اور ناانصافیوں کا ذکر کیا لیکن اُن کی جانب سے سیاسی انتقام اور بدلے کی سیاست ختم کرنے کا اعلان موجودہ حالات میں خوش آئند اور تازہ ہوا کا جھونکا ہے نواز شریف نے اپنے خطاب میں ثابت کیا کہ وہ ایک دردمند اور محب وطن عوامی لیڈر ہیں جن کی سیاست کا مقصد صرف اور صرف ملکی ترقی اور عوامی خوشحالی ہے نواز شریف نے موجودہ بدترین سیاسی کلچر کو بالائے طاق رکھتے ہوئے جس طرح شائستگی اور تہذیب کا پرچار کیا اس کو عوامی سطح پر سراہا جا رہا ہے تعمیر وطن کی خاطر سب کو اتحاد کی دعوت دینے سے ملک کی سیاسی فضاء پر مثبت اور خوشگوار اثرات مرتب ہوں گے عوام کو سیاستدانوں سے عموماً یہ گلہ رہتا ہے کہ وہ اپنی تقاریر میں اپنے سیاسی عزائم اور منشور پر بات کرنے کی بجائے مخالفین کی ذات کو نشانہ بنانے کو فوقیت دیتے ہیں اور گزشتہ کچھ عرصے سے تو اس کلچر کو خوب پروان چڑھایا گیا ہے لیکن بلاشبہ نواز شریف نے گالی گلوچ اور شکوے شکایات ایک طرف رکھ کر تہذیب اور شائستگی کا مظہر رویہ اپنایا جس سے ان کے مخالفین شرمندگی سے منہ چھپائے پھر رہے ہیں نواز شریف کی جانب سے ملک کے اندر اور باہر کسی سے لڑائی نہ کرنے اور ملک چلنے کا عزم بھی پاکستانیوں کے دل کی آواز ہے جبکہ فلسطین کے مظلوموں کی حمایت کے عزم کا اعادہ کرنا وقت کا تقاضہ تھا جبکہ اسی طرح کشمیری بھائیوں کی جدوجہد آزادی کیلئے آواز بلند کرنا بھی نواز شریف کے خطاب کا اہم جزو تھا نواز شریف کا چار سال بعد قوم سے خطاب بھرپور اور جامع تھا جو ایک مدبر سیاستدان کی فہم و فراست کی عکاسی کرتا ہے لاہور کے کامیاب جلسے نے مسلم لیگ (ن) کے گراف کو بلند کیا ہے اور پارٹی کارکنان ایک بھرپور جوش و جذبے سے میدان عمل میں اُترے ہیں تجزیہ نگار پہلے ہی پیش گوئیاں کر رہے تھے کہ نواز شریف کے آنے سے مسلم لیگ (ن) کو آکسیجن ملے گی اور وہ ICU سے نکل کر گلیوں، چوراہوں اور محلوں میں سانس لے گی جس کا واضح ثبوت 21 اکتوبر 2023ء کا مسلم لیگ (ن) کا تاریخ ساز جلسہ ہے جو اپنے پیچھے اَن مٹ نقوش چھوڑ گیا ہے۔

قلبی صحت کے لیے مفید غذا یادداشت کی کمزوری سے بچا سکتی ہے

نیو یارک (سی ایم لنکس) ایک نئی تحقیق میں معلوم ہوا ہے کہ قلبی صحت کے لیے اچھی غذا بڑھاپے میں یادداشت کی کمزوری سے بچا سکتی ہے۔ ڈائیٹری اپروچز ٹو اسٹاپ ہائپرٹینشن (ڈی اے ایس ایچ: ڈیش) غذائیں کم نمک، کم چینی اور کم سرخ گوشت (جیسے کہ بیف) پر مشتمل غذائیں ہوتی ہیں۔ لیکن یہ غذائیں پھل، سبزیوں، پھلیوں اور گری دار میوہ جات، کم چکنائی والی ڈیری اور دالوں پر مبنی ہوتی ہے۔ تحقیق میں درمیانی عمر کی 5000 خواتین پر مطالعہ کیا گیا۔ تحقیق میں ان خواتین کی غذاؤں کو اسکور دیا گیا جس سے معلوم ہوا کہ ان کی غذا ڈیش غذاؤں کے کتنی قریب ہے۔ تقریباً 30 سال کے بعد ان خواتین سے روزانہ کے چھ قسم کے دماغی مسائل کے متعلق پوچھا گیا جن میں خریداری کی فہرست یا حالیہ تقاریب وغیرہ کو یاد رکھنے میں مشکلات شامل تھیں۔ اگر ان میں سے کسی نے کم از کم دو کے متعلق بتایا تو ان کی ذہنی صلاحیت کو خراب قرار دیا گیا۔ تحقیق میں معلوم ہوا کہ وہ خواتین جو قلبی صحت کے لیے مفید غذائیں کھاتی تھیں (ڈیش اصولوں سے قریب) ان میں ذہنی تنزلی 17 فی صد کم امکان تھے۔ ماہرین کا ماننا ہے کہ ڈیش غذاؤں جیسی غذائیں جو دل، کولیسٹرول اور بلڈ پریشر کے لیے اچھی ہوتی ہیں دماغ کو بھی صحت مند رکھتی ہیں۔ امریکا کی نیو یارک یونیورسٹی گروسمین اسکول آف میڈیسن سے تعلق رکھنے والے تحقیق کے سینئر مصنف پروفیسر یوچین کا کہنا تھا کہ نتائج بتاتے ہیں کہ درمیانی عمر میں صحت مند غذا کا لیا جانا اہم ہوتا ہے جو دل کے ساتھ دماغ کو بھی فائدہ پہنچا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلڈ پریشر کو کم کرنے کے لیے نمک، چینی اور چکنائی کا کم کیا جانا الزائمرز بیماری سے بچانے میں مدد دے سکتا ہے۔

اشاعت خاص
روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

''لہور لہور اے'' 16 روزہ شاندار فیسٹیول کا انعقاد

لاہور میں فیسٹیول 28 اکتوبر تا 12 نومبر تک جاری رہے گا، مقامی ثقافت کو بین الاقوامی سطح پر متعارف کروانے کی بہترین کاوش، وزیر اعلیٰ محسن نقوی کا زندہ دلان لاہور کے باسیوں کیلئے خوشیوں بھرا تحفہ

لاہور فیسٹیول پنجاب کے کلچر میں نئی تاریخ رقم کرے گا، پرگرام جاری، پنجاب کی تاریخ، ثقافت، تہذیب و تمدن کا دائرہ بہت وسیع ہے، فیسٹیول میں لائیو موسیقی، آرٹ پروگرامز، فوڈ سٹالز، تھیٹرز، سپورٹس ایونٹس و دیگر پروگرام شامل

تحریر۔۔محمد ناظم الدین
ڈائریکٹر تعلقات عامہ پنجاب لاہور

پنجاب میلہ 2023ء ''لہور لہور اے'' نگران حکومت کی مقامی ثقافت کو بین الاقوامی سطح پر متعارف کروانے کی بہترین کاوش ہے ثقافت سیاحت کا سب سے پرکشش عنصر ہے۔ 28 اکتوبر سے 12 نومبر تک جاری رہنے والا یہ میلہ زندہ دلان لاہور کو تفریح کے ساتھ مزید مواقع بھی مہیا کرے گا۔ وہ بے میں ثقافتی سرگرمیاں سیاحوں کی توجہ کا سبب بنیں گی۔ ثقافت کے ساتھ سیاحت اور سیاحت کے ساتھ مقامی کاروبار کو فروغ حاصل ہوگا۔ محکمہ اطلاعات و ثقافت کے زیر اہتمام صوبے کی رنگا رنگ ثقافت کو اجاگر کیا جائے گا۔ 16 دن نامور گلوکاروں اور فنکاروں کی لائیو پرفارمنس سیاحوں کو پاکستان میں کلاسیکل، فوک اور پوپ موسیقی کے رجحانات سے متعارف کروائے گی۔ سٹیج ڈرامے، تھیٹر اور پتلی تماشے پنجابی ثقافت سے آگاہی کے ساتھ میلے میں بچوں اور بڑوں کی یکساں دلچسپی کو یقینی بنائیں گے۔ آرٹس کونسلز کے زیر اہتمام فنون لطیفہ کی مختلف اصناف اور گھریلو دستکاریوں کی نمائشیں منعقد کی جائیں گی۔ ڈرامہ نگاری، نثر نگاری، مصوری اور شاعری میں جدید رجحانات کے فروغ کے لیے مختلف جامعات کے طلبہ و طالبات میں مقابلے کروائے جائیں گے۔ والڈسٹی لاہور شہر کی تاریخی عمارات اور مقدس مقامات کی تزئین و آرائش کے ساتھ سفراء کی میزبانی کے فرائض سر انجام دے گا۔ انڈسٹری ڈیپارٹمنٹ مقامی صنعتوں کی ترویج کے لیے گھریلو صنعتکاروں کو میں سستے بازاروں کے ذریعے آن لائن کاروبار کرنے والوں کو تشہیر کے مواقع مہیا کیے جائیں گے۔ شہریوں کو ان تمام ثقافتی سرگرمیوں کے ساتھ منسلک رکھنے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر تشہیر کو یقینی بنایا جائے گا۔ فیسٹیول کا شیڈول، مختلف سرگرمیوں کی تفصیل اور مقامات سے آگاہی کے لیے اخبار اور مقامی چینلز پر اشتہارات کے علاوہ پنجاب حکومت اور متعلقہ محکمے کی ویب سائیٹس بھی دیکھی جا سکیں گی۔ شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ اپنی شرکت سے حکومت کی تمام کاوشوں کو کامیاب بنائیں اور صوبے کی ثقافت اور معیشت کے فروغ میں اپنا کردار ادا کریں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی ہدایت پر حکومت پنجاب کا 16 روزہ (28 اکتوبر تا 12 نومبر) فیسٹیول '' لہور لہور اے '' لاہور کی قدیم ثقافت کو اجاگر کرنے میں معاون ثابت ہو کر کلچر کی تاریخ رقم کرے گا۔ جاری پروگرام شیڈول کے مطابق اس فیسٹیول میں 16 نامور گلوکاراں لائیو پرفارمنس ادا کر کے حاضرین کو اپنی مسحور کن آواز سے سحر زدہ کریں گے۔ الحمراء اوپن تھیٹر میں رات آٹھ بجے ساحر علی بگا، حدیقہ کیانی، نصیبو لعل، عارف لوہار، حسن رحیم، حمیرا ارشد، سائیں ظہور احمد، ندیم عباس لونے والا، سمی برادرز قوال و دیگر نامور گلوکاران اپنے فن کو براہ راست عوام کے سامنے لائیو پیش کریں گے۔ الحمراء آرٹ گیلری میں صبح دس بجے پنجاب آرٹ ایگزیبیشن کا انعقاد ہو گا۔ 8 نومبر تا 12 نومبر تک فوڈ گالا و ٹی فیسٹیول ریس کورس پارک میں صبح 10 تا رات 10 بجے تک ہوگا۔ جیلانی پارک میں یکم تا 12 نومبر تک رنگا رنگ ثقافتی میلہ دوپہر 12 تا رات 11 بجے تک متواتر ہوتا رہے گا۔ رائل پام لاہور میں 12 نومبر کو صبح 11 بجے تا شام 5 تک ونٹیج کاشوکا انعقاد ہو گا۔ قوالیاں وجد کی رات، رات 9 تا 11 بجے، مذاہیہ و پنجابی مشاعرہ رات 7 تا 8.30 تک، پنجابی بولیاں رات 7.30 تا 8 تک، دیکھ اندرون لاہور صبح 11 تا دوپہر 2 بجے تک، عین ادب رات 7 تا 8.30 بجے تک، پنجاب دی شان رات 7.30 تا 8 بجے تک، روڈ سائیکلنگ ومنی میرا تھن 29 اکتوبر کو صبح 8 تا 10 بجے تک مین بلیوارڈ گلبرگ، رستم پنجاب دنگل 12 نومبر کو دوپہر 2 تا 4 بجے تک پنجاب سٹیڈیم مین، پنجاب سٹیڈیم لاہور میں کبڈی کا مقابلہ 5 نومبر کو دوپہر 2 تا 4 بجے منعقد ہوگا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی کی نگرانی میں ''لہور لہور اے'' سرما فیسٹیول 28 اکتوبر 2023ء سے شروع ہو کر 12 نومبر تک جاری رہے گا۔ فیسٹیول کے پروگرام جیلانی پارک، ایکسپو، پلاک، الحمراء، لارنس گارڈن اور حضوری باغ میں ہونگے۔ لہور لہور فیسٹیول 2023ء میں لاہور کی تمام یونیورسٹیز بھی مختلف پروگراموں کو منظم اور شرکت کریں گے۔ ''لہور لہور اے'' فیسٹیول میں ڈپلومیٹ اور کاروباری شخصیات کو بھی شرکت کی دعوت دیجائے گی۔ ''لہور لہور اے'' فیسٹیول میں پورے لاہور کے تمام کاروباری حلقوں کی شرکت کو یقینی بنایا جائے گا۔ فیسٹیول میں لاہور کی تاریخ، ثقافت، ادب، خوبصورتی اور کھانوں کو اجاگر کیا جائیگا۔ تمام پروگراموں میں شہریوں کی شرکت اوپن ہوگی۔ لہور لہور اے فیسٹیول میں موسیقی، آرٹ پروگرامز، فوڈ سٹالز، تھیٹرز، سپورٹس ایونٹس و دیگر پروگرام ہونگے۔ فیسٹیول کے پروگرام جیلانی پارک، ایکسپو، پلاک، الحمراء، لارنس گارڈن، حضوری باغ میں ہونگے۔ کلچرل فیسٹیول میں ڈپلومیٹ اور کاروباری ٹائیکونز کو بھی شرکت کی دعوت دیجائے گی۔ لہور لہور اے فیسٹیول میں موسیقی، آرٹ پروگرامز، فوڈ سٹالز، تھیٹرز، سپورٹس ایونٹس و دیگر پروگرام ہونگے۔ جیلانی پارک میں چاروں صوبوں کی ثقافت کی عکاسی کی جائے گی۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے جیلانی پارک میں منفرد انداز میں فوڈ سٹالز لگائے جائیں گے۔ لاہور کی منتخب سڑکوں پر لائٹنگ اور بیوٹیفکیشن کا بھی انتظام کیا جائے گا۔ پاکستان میں موجود مختلف ممالک کے سفیروں کو بھی میلے میں شرکت کی دعوت دی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عامر میر، چیف سیکرٹری، ڈی جی والڈسٹی اتھارٹی کامران لاشاری، سیکرٹری اطلاعات، کھیل، سیاحت، خزانہ، کمشنر لاہور، ڈی جی سپورٹس، ڈی جی پی ایچ اے، ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ حکام کو اس حوالے سے ہدایات جاری کر دی ہیں۔ لاہور کلچر ڈے پر پنجابیوں کی نئی نسلوں کو ثقافتی اقدار سے متعارف کرانے کے لیے موسیقی، رقص، بھنگڑا، ڈرامے، نمائش، فلم فیسٹیول، کھانے اور روایتی ملبوسات جیسے اسٹالز کا انعقاد کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت کی روشنی میں تمام محکمہ جات نے عملی اقدامات کا آغاز کر دیا ہے۔ وزیر ثقافت و اطلاعات عامر میر کی ہدایت پر محکمہ اطلاعات و ثقافت پنجاب نے اس سلسلہ میں کلچر ڈے کو الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا پر اجاگر کرنے کا انتظامات مکمل کر لئے ہیں۔ حکومت نے کلچر کی تقریبات میں نوجوانوں کی نمائندگی کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ لاہور میں سرکاری سطح پر ثقافتی دن کی تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا۔ سکولوں اور کالجوں کی سطح پر ثقافتی تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا۔ الحمرا لاہور میں کلچرل ویلیج، شوز، سٹالز، فوک ڈانس، میوزک اور دیگر تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا۔ پنجاب کا وقار یہ ہے کہ یہاں کے لوگ اس کی روایات سے جڑے ہوئے ہیں اور اسے نئی نسلوں تک پہنچانے کے لیے ہم کلچر ڈے منا رہے ہیں۔ پنجاب (پانچ دریاؤں کی سرزمین) پاکستان کا سب سے بڑا زمینی علاقہ ہے اور اپنی ثقافت کے لیے مشہور ہے۔ پنجاب کے لوگ بہت ملنسار، مہمان نواز اور خوش مزاج ہیں۔ پنجابی متفاوت گروہ ہیں جو مختلف قبائل، قبیلوں، برادریوں پر مشتمل ہیں اور اپنی ثقافت کی ہر روایت کو منانے کے لیے جانے جاتے ہیں۔ پنجابی بھی کاسٹ سسٹم پر یقین رکھتے ہیں لیکن اب جیسے جیسے لوگ تعلیم یافتہ ہو رہے ہیں، اختلافات دھندلے ہوتے جا رہے ہیں۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم اپنے ہونہار اور مستقبل کے معماروں کو اپنی ثقافت بارے آگاہی دیتے رہیں۔ پنجابی لوگ کھیلوں میں جنونی دلچسپی رکھتے ہیں۔ پنجابی کبڈی اور کشتی کے دلدادہ ہیں، جو پاکستان کے دیگر حصوں میں بھی مقبول ہے اور یہ قومی سطح پر بھی کھیلی جاتی ہے۔ پنجاب کے علاقے میں کھیلے جانے والے دیگر کھیلوں میں گلی ڈنڈا، کھوکھو، یسو پنجو، پٹھو گرم، لڈو، چھپن چھپائی، برف پانی، بڑے کھیلوں میں کرکٹ، باسکٹ، گھڑ دوڑ، ہاکی اور فٹ بال لاہور فروری کے ماہ میں نیشنل پارس اینڈ کیمل شو سب سے بڑا میلہ ہے جہاں کھیل، نمائشیں اور مویشیوں کے مقابلے ہوتے ہیں۔ ہسٹری بائی نائٹ اور پنجاب تھرو ایجز پر شوز پیش کیے جائیں گے۔ ڈرون کے ذریعے لیزر شو کے ذریعے ورثے کو پیش کیا جائے گا۔ ''لاہور لاہور اے'' میلے میں ونٹیج بائیک، سائیکل اور دیگر گاڑیوں کے شوز کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ سٹالز، تھیٹرز، سپورٹس ایونٹس و دیگر پروگرام ہونگے۔ نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے ''لہور لہور اے'' فیسٹیول کے حوالے سے منفرد پروگرامز کے انعقاد کے ساتھ ساتھ بہترین انتظامات کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پروگراموں میں شہریوں کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنایا جائے۔ لاہور کے تاریخی مقامات پر بھی تقریبات منعقد کی جائیں گی۔ لوگوں کی دلچسپی کے لیے کھیل، موسیقی، آرٹ، ادب کے شعبے میں پروگرام پیش کیے جائیں گے۔ ''لاہور لاہور اے'' میلے میں میوزک کنسرٹ، تھیٹر، پالتو جانوروں کے شو اور آرٹ کی نمائش کا اہتمام کیا جائے گا۔ یونیورسٹیوں کے درمیان تھیٹر کے مقابلے کرائے جائیں گے۔ ''لاہور لاہور اے'' میلے کے تحت الحمرا میں کتابوں کی نمائش کا اہتمام کیا جائے گا۔ نامور قوال اور گلوکار اپنی پرفارمنس کا مظاہرہ کریں گے۔ نائٹ ٹینٹ پیگنگ، کبڈی اور روایتی کھیلوں کا اہتمام کیا جائے گا۔ جیلانی پارک میں ڈرون لائٹس اور لیزر شو کا انعقاد کیا جائے گا۔

آئیسکور ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 28 اور 29 اکتوبر 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/اڈیلیپٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔

مورخہ 28 اکتوبر 2023ء صبح 08:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، ایس ای ایس فضل گھمی، این ڈی ی-I-10/2-H/11/4-I، نیو ایکسچینج، کنڈی سینٹر، ڈاکٹر اے کیو خان، اسلامک یونیورسٹی، بحریہ G-9/1-G-10/4-G-10/2-G-10/1، ڈبلیو او، ڈھوک نجو، راجہ سلطان، عید گاہ فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، ریس کورس، عسکری الیون، مصریال روڈ، مدینہ ٹاؤن، این آر سی، اقبال روڈ، سبحان شہید فیڈرز، چکوال سرکل، ڈھوک پٹھان، آدی، کوٹ سارنگ، بلال آباد، تھائی، ملکوال، مین بازار، مورت، مدینہ ٹاؤن، بحر پور فیڈرز، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، ایف ایچ ایس I-8/4، فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، کھنہ روڈ، گلزار قائد، ائر پورٹ، گنگال، ایس پی ڈی، I-11، پی اے ایف، آر آئی سی، گریسی لائن، رحمت آباد، I، جہانگیر روڈ، وی وی آئی پی، ریس آباد، بی بی شہید، سروس روڈ، مسلم ٹاؤن، کے آر ایل، جناح کیمپ، فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، قریشی آباد، گرجا، I، حیال، مورت، ریال، گلستان فاطمہ، اسلام آباد فیڈرل، جھنڈ جھنیال، بسالی، پنڈ جاتلہ، لیب، I&II، انڈسٹریل، ریلائنس ویونگ مل، بھل، جرار کیمپ فیڈرز، اٹک سرکل، پی ایم ہاؤسنگ کالونی، ائر یونیورسٹی فیڈرز، جہلم سرکل، فتح پور، چھپران، شکریلہ، شمس آباد، لانگر پور، بکرال، کرنل اکرم، ریاض شہید، کھوکھران، چمالہ، ممتاز شہید، ایم ریاض شہید، روہتاس فیڈرز صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، جی ایس او سرکل، پارلیمنٹ ہاؤس، فلٹریشن پلانٹ، فرشیئر ہاؤس، ایمبیسی، پاک سیکریٹریٹ-2، پارلیمنٹ لاجز، اعوان صدر، پی ایم ہاؤس، کمبل، اسلام آباد کلب- I، I، ملٹری کالج، سرائے عالمگیر، منڈی بہلوال، شکریلہ فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا دن 11:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، شکر پڑیاں، پی ٹی وی، پولی کلینک I/ 6/ 3 - G، سٹیٹ بینک، اسلام آباد کلب- I، کوہسار مارکیٹ، این پی سی، میلوڈی، سپورٹس کمپلکس، کنونشن سینٹر، بی ڈی اے پمپ فیڈرز، مورخہ 29 اکتوبر، صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، جی ایس او سرکل، فارن آفس، این ٹی سی، ای ٹی بی پی، جی فائیو، پنڈوریاں، محفوظ شہید، سکیم- I، I، پاک چائنا سینٹر، ریسٹ ہاؤس، ہسپتال، سی ڈی اے، جی سکس، آئی ایس آئی، کمبل فیڈرز اور 132KV کنزیومر گرڈ اسٹیشن نیو اسلام آباد انٹرنیشنل ائرپورٹ (ٹی-I) اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

ماحول بدل دیا ہے، سیاسی ماحول کی طرح معاشی بدحالی کے ماحول کو بھی بدلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے حالات بدلنے کے لئے اتحاد ضروری ہے۔

بقیہ 2

اجلاس میں شریک ہوئے۔ رجسٹرار سپریم کورٹ اور اٹارنی جنرل پاکستان بھی سپریم جوڈیشل کونسل کے اجلاس میں شریک تھے۔ جی ٹی وی کے مطابق اجلاس میں جسٹس مظاہر نقوی کے خلاف شکایت کے معاملے پر انہیں شوکاز نوٹس جاری کیا گیا ہے اور ان سے 10 نومبر تک شوکاز نوٹس پر جواب طلب کیا گیا ہے۔ پاکستان بار کونسل نے جسٹس مظاہر نقوی کی مبینہ آڈیو لیک پر ان کے خلاف ریفرنس دائر کر رکھا ہے، سپریم جوڈیشل کونسل کے اجلاس میں جج سے متعلق زیر التوا شکایات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سپریم کورٹ کے جج جسٹس مظاہر نقوی اور سابق جیئر مین نیب جسٹس ریٹائرڈ جاوید اقبال کے خلاف مس کنڈکٹ کی شکایت کا بھی جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 3

کی عملی کھلا خلاف ورزی کی، پاکستانی فورسز نے ڈرون سے درانداز ی کی کوشش ناکام بنا دی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ شہری آبادی پر بلا اشتعال فائرنگ بھارتی فورسز کی بزدلی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے بلا اشتعال فائرنگ کا منہ توڑ جواب دیا۔

بقیہ 4

ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ ڈویژن کے مطابق پی آئی اے کو نیا قرض دینے کیلئے وزارت خزانہ کی کمرشل بنکوں کو ہدایات جاری کر دی گئیں، پی آئی اے کو قرض دلوانے کیلئے وزیر اعظم آفس سے بھی ہدایات دیں گئیں۔ ذرائع کے مطابق نیشنل بنک، بنک آف پنجاب سمیت 8 کمرشل بنک پی آئی اے کو نیا قرض دیں گے، پی آئی اے کا حکومتی گارنٹی پر کمرشل بنکوں سے 260 ارب روپے کا قرض ہے۔ ذرائع خزانہ ڈویژن کے مطابق پی آئی اے کی بحالی ہونے تک حکومتی قرض 6 ماہ کیلئے ریشڈول کیا جائے گا، اس سے قبل پی آئی اے کا حکومتی قرض 2 سال کیلئے ریشڈول کرنے کا پلان تھا۔ ذرائع خزانہ ڈویژن کے مطابق پی آئی اے کی جانب سے دو ماہ کے دوران تقریباً 40 ارب روپے قرض لینے کیلئے درخواست کی گئی۔

بقیہ 5

وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے ایک پیغام میں کہا کہ بھارتی بربریت برداشت کرنے والے کشمیری بھائیوں کو سلام اور شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں، لاکھوں بھارتی فوجیوں نے کشمیریوں کو حراست میں لے رکھا ہے اور بیگناہ کشمیری اپنے ہی گھروں میں قید ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ غیر انسانی محاصرے، کشمیریوں پر جبر وتشدد سے آر ایس ایس کی مکروہ سوچ دنیا کے سامنے بے نقاب ہو چکی ہے، کشمیریوں کا جذبہ ان کو آزادی دلوا کر رہے گا کیونکہ یہ اٹل بنیادی حق ہے، بین الاقوامی میڈیا اور انسانی حقوق کی تنظیمیں کشمیریوں کے لیے اپنی آواز بلند کریں۔ محسن نقوی نے مزید کہا کشمیریوں نے ثابت کر دیا ہے کہ بھارت وحشیانہ طاقت کے استعمال سے ان کی تحریک کو دبا نہیں سکتا، پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں کی سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا، آج کے دن کشمیری عوام کو باور کرانا ہے کہ وہ اپنی جدوجہد میں تنہا نہیں بلکہ پاکستانی قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 6

کرلی ہے، ڈاکومنٹ ریجم کی پالیسی میں ہم پاسپورٹ اور ویزہ لیکر آنے والوں کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ اب لوگ ہمارے ملک میں ویزہ لیکر آئیں گے، کسی بھی ملک میں ایسا نہیں ہوتا کہ روزانہ 12 سے 15 ہزار افراد بغیر سفری دستاویزات سفر کریں، ون ڈاکومنٹ ریجم کے تحت کل قلعہ عبداللہ میں پاسپورٹ آفس کا افتتاح کر رہے ہیں۔ غیر ملکی پاسپورٹ کے ذریعے ویزہ لیکر آئیں جائیں ہمیں کوئی اعتراض نہیں، پاک ایران، افغان بارڈر پر کاروبار کا اپنا ایک طریقہ کار ہے، ہم نے بلوچستان میں کاروبار نہیں سمگلنگ بند کی ہے، عام انتخابات سے متعلق سیکورٹی کا بڑا چیلنج ہے مگر ریاست اس چیلنج سے نبرد آزما ہوں گی۔

بقیہ 7

ممنوعہ فنڈنگ کیس سے متعلق ثبوت فراہم کئے جائیں گے۔ خیال رہے کہ قبل ازیں الیکشن کمیشن نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) (ممنوعہ فنڈنگ ضبطگی کیس کو ڈی لسٹ کر دیا تھا، ممنوعہ فنڈنگ کیس 26 ستمبر کو ساعت کیلئے مقرر کیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ 20 اگست کو بھی الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پاکستان تحریک انصاف) پی ٹی آئی (ممنوعہ فنڈ ضبطگی کیس بنچ کی عدم دستیابی کے باعث ڈی لسٹ کر دیا تھا۔

بقیہ 8

ان کی منصفانہ جدوجہد کے لیے اپنی مکمل اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا۔ 27 اکتوبر 1947 کو بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر پر بھارت کے غاصبانہ قبضہ کی مناسبت سے یوم سیاہ کے موقع پر سوشل میڈیا ایکس پر اپنے ٹویٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ آج جموں وکشمیر کے بڑے حصے پر بھارت کے غاصبانہ قبضے کو 76 سال بیت گئے۔ 27 اکتوبر 1947 کو، بھارت نے پہلی بار اپنی فوجیں کو بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر میں اتارا۔ تب سے آج تک بھارت نے اس علاقے پر زبردستی قبضہ جاری رکھا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 76 برسوں میں بھارت نے جموں وکشمیر پر اپنی غیر قانونی حکمرانی کو برقرار رکھنے کے لیے مختلف ہتھکنڈے آزمائے ہیں تاہم بھارت نے 5 اگست 2019 سے ایک مذموم مہم کا آغاز کر رکھا ہے، جس کے تحت کشمیریوں کو ان کی اپنی سرزمین میں ایک بے اختیار کمیونٹی میں تبدیل کرنے کی گھناؤنی سازش زوروں پر ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت نے ان مذموم عزائم کو عملی جامہ پہنانے کے لیے متعدد اقدامات کیے ہیں جیسا کہ انتخابی حلقوں میں ردوبدل، انتخابی فہرستوں میں غیر کشمیریوں کا اضافہ، کشمیر سے باہر کے لوگوں کو ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کا اجراء، اور زمینوں اور جائیدادوں کی ملکیت سے متعلق نئے قوانین متعارف کرانا ہے، یہ غیر جمہوری اور غیر قانونی اقدامات اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور چوتھے جنیوا کنونشن کی براہ راست خلاف ورزی ہیں۔ انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ آج کشمیر دنیا کا ایک ایسا خطہ بچھاں سب سے زیادہ قابض فوج تعینات ہے، کشمیری عوام کے حقیقی نمائندے برسوں سے غیر معینہ مدت تک پابند سلاسل ہیں، جبر کو چھپانے اور اختلاف رائے کو دبانے کے لیے میڈیا پر پابندیاں بڑے پیمانے پر مسلط کی جارہی ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ گزشتہ تین دہائیوں کے دوران ہزاروں بے گناہ کشمیری مرد، خواتین اور بچے بھارتی بربریت کے ہاتھوں اپنی جانیں گنوا چکے ہیں۔ تاہم بھارت کشمیریوں کی حق خود ارادیت کی جدوجہد کو دبانے میں ناکام رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں ہونے والی تازہ ترین پیش رفت سے واضح ہو گیا ہے کہ عرصہ دراز سے حل طلب تنازعات طاقت کے استعمال کے ذریعے مسلسل خطرہ ہیں، کشمیریوں کی بے بعد دیگر ے تین نسلیں دنیا خصوصاً اقوام متحدہ کے غیر جانبدارانہ استصواب رائے کے اپنے وعدے کو پورا کرنے کا انتظار کر رہی ہیں، عالمی برادری اب اپنی ذمہ داری سے نہیں آنکھیں نہیں چرا سکتی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بین الاقوامی برادری کو ہندوستان کو اس کے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر میں ہونے والی زیادتیوں کا جوابدہ ٹھہرانے کے لیے عملی اقدامات کرنے چاہئیں۔ بھارتی حکومت کو 5 اگست 2019 کے یکطرفہ اور غیر قانونی اقدامات کو واپس لینا چاہیے تھا اور غیر قانونی اقدامات کو واپس لینا چاہیے، بھارت کو جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کو روکنا ہوگا اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں پر عمل درآمد کروانا ہوگا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ کی طرح اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہے اور پاکستان کشمیریوں کے ناقابل تنسیخ حق خود ارادیت کے حصول کے لیے ان کی منصفانہ جدوجہد کے لیے اپنی مکمل اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ 9

یہاں ان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں وفاقی سیکرٹری اطلاعات ظہور احمد، پرنسپل انفارمیشن آفیسر طارق محمود خان اور ٹیچنگ ڈائریکٹر اے پی ایم عاصم گھمن بھی موجود تھے۔ وزیر اعظم میڈیا آفس سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں اے پی این ایس، پی پی این ای، اخباری صنعت کے مسائل سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ ذرائع ابلاغ کے جائز مطالبات حل کئے جائیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ میڈیا ریاست کا بڑا اور اہم ستون ہے، حکومت آزادی اظہار پر مکمل یقین رکھتی ہے، میڈیا تنظیموں سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہے گا اور انہیں درپیش مسائل کے حل کے لئے ضروری اقدامات کئے جائیں گے۔

بقیہ 10

بنا دی گئی۔ بتایا گیا ہے کہ دونوں شخصیات کی موومنٹ کے دوران جمبر زوالی گاڑیاں ساتھ چلیں گی۔ سیکورٹی سکواڈ کی 4 گاڑیاں موومنٹ کے دوران اسکارٹ کریں گی۔ پولیس حکام کے مطابق سپیشل برانچ نے ڈی آئی جی سیکورٹی کے مراسلے پر جمبرز والی گاڑیاں فراہم کر دی ہیں۔ رواں ہفتے بنک آف پنجاب سمیت 8 کمرشل بنک پی آئی اے کو نیا قرض دیں گے، پی آئی اے کا حکومتی گارنٹی پر کمرشل بنکوں سے 260 ارب روپے کا قرض ہے۔ ذرائع خزانہ ڈویژن کے مطابق پی آئی اے کی بحالی ہونے تک حکومتی قرض 6 ماہ کیلئے ریشڈول کیا جائے گا، اس سے قبل پی آئی اے کا حکومتی قرض 2 سال کیلئے ریشڈول کرنے کا پلان تھا۔ ذرائع خزانہ ڈویژن کے مطابق پی آئی اے کی جانب سے دو ماہ کے دوران تقریباً 40 ارب روپے قرض لینے کیلئے درخواست کی گئی۔

بقیہ 11

اڈیالہ جیل میں سماعت ہوئی، خصوصی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے سماعت کی۔ وکیل سلمان صفدر، سکندر ذوالقرنین، عمیر نیازی، عثمان گل کمرہ عدالت میں پیش ہوئے جبکہ چیئرمین پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کے علاوہ مقدمے کے آئی او اور پراسیکیوٹر موجود تھے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سنا دیا، فیصلے میں عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی کے کیلئے اقدامات کئے جائیں، غزہ کو دوبارہ آباد کرنے کیلئے اضافی اسٹاف تعینات کر دیا گیا۔ محکمہ پاسپورٹ نے بتایا کہ موجودہ صورتحال میں پاسپورٹ پرنٹنگ کا عمل بہتر بنایا گیا ہے۔ پاسپورٹ ترسیل میں تاخیر کی عوامی شکایات کا ازالہ کیا جارہا ہے۔

بقیہ 12

ہیں۔ دیوانی مقدمات کے ماہر محمد عبداللہ ایڈووکیٹ کا کہنا ہے کہ وراثت یا میراث، جہیز اور مہر تینوں مختلف چیزیں ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وراثت یا میراث کسی عورت کو اپنے والدین، بہن بھائی یا شادی کی صورت میں شوہر اور بچوں سے بھی مل سکتی ہے لیکن موروث کا مرنا اور میراث میں کچھ باقی رہ جانا لازمی ہے۔ عبداللہ ایڈووکیٹ نے بتایا کہ جہیز بیٹی کی شادی میں والدین کی طرف سے دیا جانے والا سامان ہوتا ہے جو ایک روایتی یا ثقافتی عمل ہے جبکہ مہر کسی عورت کو شادی کی صورت میں یا نکاح کے بدل میں شوہر یا سسرال سے ملتا ہے۔

بقیہ 13

کہا کہ فلسطینی بچوں کو کس جرم میں قتل کیا گیا؟ غزہ پر 6 ہزار سے زیادہ بم برسائے گئے، غزہ کے لوگ اور بچے جل رہے ہیں، اس جرم عظیم کے باوجود دنیا سو رہی ہے، اقوام متحدہ کی این جی اوسیدوا چلڈرن کہاں ہے؟ انہوں نے کہا کہ سلامتی کونسل، یواین او کہاں ہیں؟ آج ساری دنیا نے بھرنا خاموشی اختیار کی ہوئی ہے، بڑی طاقتوں نے اسرائیل کو قتل عام کا لائسنس دیا ہے، ان حالات میں مسلم امہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ غزہ کو بچانے کیلئے آگے بڑھے، بیانات، قراردادیں، مذمتی بیانات اسرائیلی ٹینکوں کو نہیں موڑ سکتے۔ سراج الحق نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں مسلم حکمران اپنی ذمہ داری پوری کریں، غزہ کو دوبارہ آباد کرنے کیلئے اقدامات کئے جائیں، غزہ میں کھانا، پانی، بجلی اور ادویات کی سہولیات ختم ہیں، وہاں کئی صحافیوں کو شہید کر دیا گیا، گھروں کو جلا دیا گیا، فلسطینی بچے آج آگ میں جل رہے ہیں، ان کو بچانا انسانیت کا تقاضا ہے، افسوس ہے اسلامی پاکستان نے کہا کہ ہم مسلمان ہیں، مسجد اقصیٰ کے محافظ ہیں، قبلہ اول کے پاسبان ہیں، ہم 29 اکتوبر کو اسلام آباد میں امریکی سفارتخانے کے سامنے غزہ مارچ کر رہے ہیں۔

بقیہ 14

گوجرانوالہ میں 32، فیصل آباد میں 12، قصور میں 4، شیخوپورہ اور حافظ آباد میں 2، 2 جبکہ اٹک، خانیوال، چکوال، بہاولپور، نکانہ صاحب، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور لیہ میں ڈینگی کا ایک ایک نیا مریض سامنے آیا۔ سیکرٹری صحت کے مطابق پنجاب بھر کے ہسپتالوں میں اس وقت ڈینگی کے کل 169 مریض زیر علاج ہیں۔

بقیہ 15

وی چینل کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر گوہر سیف کا کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمان سے ملاقات میں الیکشن اور کے پی کی صورتحال پر زیادہ گفتگو ہوئی۔ فضل الرحمان نے کہا کہ سب پارٹیوں کو لیول پلیئنگ فیلڈ ملنی چاہیے۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کے پاس تعزیت کیلئے گئے تھے۔ ہماری فضل الرحمان سے سوشل ملاقات تھی سیاسی نہیں۔ انھوں نے کہا کہ جے یو آئی اور پی ٹی آئی کا ساتھ مل کر چلنے کی بات قبل ازوقت ہے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے ابھی تک الیکشن کی تاریخ کا اعلان نہیں ہوا۔ بیرسٹر سیف کا مزید کہنا تھا کہ سیاست میں حتمی رائے نہیں دی جاسکتی، اتحاد پر کچھ کہنا قبل ازوقت ہوگا۔ ماضی سے اچھا سبق سیکھ کر آگے کا سوچیں تو مستقبل بہتر ہوسکتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ تحفظات ختم کرنے کیلئے مولانا فضل الرحمان کے پاس ملاقات کیلئے گئے۔ ذاتی رنجشیں ختم کر کے سیاسی مخالفت ہونی چاہیے۔

بقیہ 16

کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ بہاولپور میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے کمپریسر کے استعمال پر 4 گیس کنکشنز منقطع کیے، 21 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج اور 0.002 ملین کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے غیر قانونی استعمال پر 04 گیس کنکشنز منقطع کرنے کے علاوہ 3 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے اور 0.09 ملین کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ شیخوپورہ میں گیس کے براہ راست استعمال اور غیر قانونی توسیع پر 21 کنکشنز منقطع، 37 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کر دیئے گئے۔ ٹیم نے 0.41 ملین روپے انڈر بلنگ کیسز کی مد میں جرمانے بھی کیے۔ سوئی ناردرن گیس نے پشاور میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ، گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی کنکشنز پر 55 کنکشنز منقطع، 15 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج گیس چوری کے خلاف 1.47 ملین کی رقم بھی بک کی گئی اور چوروں کے خلاف دو ایف آئی آرز بھی درج کی گئی۔ راولپنڈی میں ریجنل ٹیم نے 18 گیس کنکشنز منقطع کیے۔ مردان میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 4 گیس کنکشنز منقطع کر دیئے۔ ریجنل ٹیم نے گیس چوروں پر 0.10 ملین جرمانہ بھی عائد کیا۔ سیالکوٹ میں ریجنل ٹیم لیکیس چوری اور انڈر بلنگ کی مد میں 0.02 ملین کے جرمانے بھی عائد کیے اور گیس کے غیر قانونی استعمال پر ایک کنکشن بھی کاٹا گیا۔ گوجرانوالہ میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے 02 میٹر غیر قانونی استعمال اور 02 کمپریسر کے استعمال پر میٹرز منقطع کیے گئے جبکہ 39 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے گئے۔ گیس چوری اور انڈر بلنگ کی مد میں 0.36 ملین کے جرمانے عائد کیے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 14 کنکشنز منقطع کر دیئے گئے جبکہ 12 انڈر بلنگ کیسز پروسیس ہوئے اور 0.49 ملین کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ ساہیوال میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر تین کنکشنز منقطع کئے گئے۔ فیصل آباد میں ریجنل ٹیم نے کریک ڈاؤن کے دوران میٹر سے چھیڑ چھاڑ پر 03 میٹر منقطع کیا جبکہ 20 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے گئے اور 0.28 ملین کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ ریجنل ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر ایبٹ آباد میں ایک کنکشن منقطع کیا۔ گجرات میں کاروائی کے دوران گیس کے غیر قانونی استعمال پر تین کنکشنز منقطع جبکہ 3 2 2 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج ہوئے اور 0.87 ملین کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ سرگودھا میں 40 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج ہوئے اور 0.02 ملین کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔

بقیہ 17

انہوں نے کہا کہ قائد کا فرمان ہے' کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے'، شہ رگ کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے۔ سیمینار کے مہمان مقرر، ڈاکٹر اشرف وانی نے کشمیریوں کی آواز پہنچائی، انہوں نے کہا کہ اسطرح کے سیمینارز، کانفرنسز اور یوم سیاہ منانے سے کشمیریوں کے حوصلے بلند ہوتے ہیں، لیکن کشمیری چاہتے ہیں کہ امت مسلمہ کو کشمیریوں اور فلسطین کے ساتھ عملی طور پر کھڑے ہونا چاہیے۔ جس طرح فلسطین کے خلاف جنگ میں پورا مغرب اسرائیل کے ساتھ کھڑا ہے۔ دیگر مقررین میں ڈاکٹر عبدالباسط مجاہد، ڈاکٹر کوثر پروین، ڈاکٹر محمد ساجد خان اور ڈاکٹر ملک حماد احمد شامل تھے۔ مقررین نے بھارتی قبضے کی مذمت کرتے ہوئے انسانی حقوق کی تنظیموں اور عالمی برادری کو کردار ادا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ متوقعہ کشمیر کے عوام پر بھارتی مظالم افسوسناک اور قابل مذمت ہیں، پاکستانی قوم کشمیر میں بھارتی مظالم پر دکھی ہے۔ کشمیر سے یکجہتی کا اظہار کے لئے ریلی بھی نکالی گئی جس میں یونیورسٹی کے اساتذہ، آفیسرز، کارکن اور طلبہ وطالبات کثیر تعداد میں شریک تھے۔ ریلی میں شریک طلبہ و طالبات نے "ہم تمہارے ساتھ ہیں" "کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے" "کشمیر بنے گا پاکستان" اور "کشمیروں سے کیا رشتہ: لا الہ الا اللہ" کے لکھے ہوئے بینرز اور پوسٹرز تھامے ہوئے تھے اور کشمیر بنے گا پاکستان کے نعرے لگا رہے تھے۔

بقیہ 18

دستاویزات کے مطابق اسٹیل ملز سے 1681 افسران سمیت 3495 ملازمین کو نوکری سے نکالنا پڑا۔ دستاویزات کے مطابق 196 کنٹریکٹ ملازمین بھی نوکری سے فارغ ہوئے، پہلے مرحلے میں 1434 افسران سمیت 3103 ملازمین کو نوکری سے نکالا گیا، دوسرے مرحلے میں 198 افسران سمیت 187 ملازمین کو نوکری سے ہاتھ دھونا پڑا۔ دستاویزات کے مطابق تیسرے مرحلے میں 49 افسران اور 205 ملازمین نوکری سے فارغ ہوئے، اسٹیل ملز سے 397 ملازمین رضا کارانہ طور پر ملازمت سے دستبردار ہوئے۔

بقیہ 19

گے۔ اس دوران سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ پیرکو فلسطین پر بات ہوتی ہے، وزراء وزیر اعظم کو پیغام پہنچائیں کہ وہ پیر کے اجلاس میں شرکت کریں۔ نگران وزیر سرفراز بگٹی نے کہا کہ فلسطین میں جو ظلم ہو رہا ہے اس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ سینیٹر مشتاق احمد نے کہا کہ غزہ کے مسئلے پر یہ اجلاس بلایا گیا ہے، پیر کو اس پر تفصیل سے بات کریں گے۔

بقیہ 20

اعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ عالم اسلام کے بہت بڑے ولی اور بزرگ ہیں۔ آپ کے فیوض وبرکات اور کرامات بے شمار ہیں۔ آپ نے پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی شریعت مطہرہ کو زندہ اور روشن کیا۔ اور آپ ﷺ کی نیابت کا پورا حق ادا کیا۔ آپ کا اسم گرامی عبدالقادر لقب محی الدین کنیت ابو محمد اور عرفیت غوث اعظم ہے۔ والد کا نام سید ابو صالح موسیٰ جنگی اور والدہ کا نام ام الخیر امۃ الجبار فاطمہ بنت سید عبداللہ الصومعی الزاہد تھا۔ حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی ولادت ایک چھوٹے سے قصبے گیلان میں ہوئی۔ آپ کے والد بزرگوار سید ابو صالح کو جنگ سے بہت رغبت تھی۔ اس لئے انہیں جنگی دوست کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔ وہ نہایت صالح بزرگ تھے۔ آپ کی والدہ بھی بہت نیک اور متقی خاتون تھیں۔ اپنا زیادہ وقت تلاوت قرآن میں گذارا کرتی تھیں۔ حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ مادر زاد ولی تھے۔ اس کی شہادت اس بات سے ملتی ہے کہ آپ کی والدہ ماجدہ کہتی تھیں کہ جس وقت عبدالقادر پیدا ہوئے تو اس وقت رمضان المبارک شروع ہوا تھا۔ اس مقدس مہینے میں دن کے وقت یہ میرا دودھ نہیں پیتے تھے۔ اتفاقاً ایک دفعہ ابر کے باعث ہلال رمضان کے بارے میں لوگوں کو شبہ ہوا بعض لوگوں نے مجھ سے دریافت کیا کہ تمہیں رویت ہلال کی صحیح خبر ہے؟ میں نے کہا آج میرے عبدالقادر نے دن کو دودھ نہیں پیا۔ اس لئے میں سمجھتی ہوں کے آج رمضان المبارک کی پہلی تاریخ ہے۔ خطاب کرتے ہوئے آخر میں انہوں نے کہا کہ حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کو اللہ پاک نے لاتعداد کرامات سے نوازا ہے۔ اور پھر دعا کرائیگی بعد ازاں عوام میں لنگر تقسیم کیا گیا #

بقیہ 21

انٹرنیشنل مائنٹری فنڈ (آئی ایم ایف) کی مالی سپورٹ کی وجہ سے آئی ہے۔ رپورٹ میں بلوم برگ نے مزید کہا ہے کہ روپے کی قدر میں قلیل المدت بہتری کی وجہ باہمی مالی سپورٹ بھی ہے۔ بلوم برگ کے مطابق الیکشن سے قبل روپیکی قدر میں بہتری کے لیے پریمیئم ضروری ہوگا۔

بقیہ 22

کرے کی جس کیلئے جہانیاں اسٹیڈیم میں پنڈال کی تیاری کا کام حتمی مراحل میں داخل ہوگیا ہے۔ 28 اکتوبر سے 9 دسمبر تک جلسوں کا شیڈول بھی جاری کر دیا گیا ہے جس کے مطابق پہلے مرحلے میں 9 اضلاع میں جلسے ہوں گے۔ شیڈول کے مطابق 3 نومبر کو حافظ آباد اور 9 نومبر کو نارووال میں میدان سجے گا جبکہ 12 نومبر لیہ اور 17 نومبر کو قصور میں سیاسی میدان لگایا جائے گا۔ 20 نومبر کو گوجرانوالہ، 24 کو جھنگ، 2 دسمبر ساہیوال اور 9 دسمبر کو فیصل آباد میں جلسے ہوں گے۔ پیٹرن انچیف جہانگیر خان ترین اور پارٹی صدر عبدالعلیم خان جلسوں سے خطاب کریں گے۔

بقیہ 23

داخلہ سرفراز بگٹی کی ہدایت پر چند تکنیکی رکاوٹیں دور کرلی گئی ہیں۔ ڈی جی پاسپورٹ کی جانب سے پرنٹنگ کیلئے کیمیکلز پیپر کی کمی دور کرنے کیلئے ہدایات دی گئی تھی۔ ڈی جی کی ہدایت پر بروقت پاسپورٹ ترسیل کیلئے اضافی اسٹاف تعینات کر دیا گیا۔ محکمہ پاسپورٹ نے بتایا کہ موجودہ صورتحال میں پاسپورٹ پرنٹنگ کا عمل بہتر بنایا گیا ہے۔ پاسپورٹ ترسیل میں تاخیر کی عوامی شکایات کا ازالہ کیا جارہا ہے۔

بقیہ 24

کہا گیا کہ سپریم کورٹ کے 6 فروری 2019 کے فیصلے پر عمل درآمد کے لیے ٹیکٹ فائنڈنگ کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے، رپورٹ میں ٹیکٹ فائنڈنگ کمیٹی میں شامل افراد کے بارے میں بھی بتایا گیا ہے۔ ٹیکٹ فائنڈنگ کمیٹی کے ٹی او آرز بھی عمل درآمد رپورٹ کا حصہ بنائے گئے ہیں اور رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ٹیکٹ فائنڈنگ کمیٹی طے شدہ ٹی او آرز کے تحت اکھوائری کرے گی۔ ٹیکٹ فائنڈنگ کمیٹی فیض آباد دھرنے سے متعلق شواہد اکٹھے کرے گی اور حاصل شواہد و دستاویزات اور ریکارڈ کا جائزہ لے گی اس حوالے سے قائم کی جانے والی ٹیکٹ فائنڈنگ کمیٹی گواہان کے بیانات بھی ریکارڈ کرے گی۔ ٹیم نے 0.41 ملین روپے انڈر بلنگ کیسز کی مد میں جرمانے بھی کیے۔

بقیہ 25

ہر صورت بحال رکھا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اندرون ملک پروازیں نہ ہونے کے برابر

بھارت نے کشمیریوں کی امنگوں کے برعکس جبر سے کشمیر قبضہ کیا

ہم ضلع بھکر میں بھی بھارت کے اس غیر منصفانہ اقدام پر تمام پاکستانی کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے آج کے اس دن کو یوم سیاہ کے طور پر منا رہے ہیں

بھارت آج بھی کشمیر میں وحشیانہ کارروائیوں اور دھونس ودھاندلی کی راہ پر گامزن ہے، اے ڈی سی جی عباس رضا ناصر

بھکر (ظفر اعوان) بھارت نے کشمیریوں کی امنگوں کے برعکس جبر سے کشمیر پر قبضہ کیا، اسی تناظر میں ملک بھر کی طرح ضلع بھکر میں بھی بھارت کے اس غیر منصفانہ اقدام پر تمام پاکستانی کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے آج کے اس دن کو یوم سیاہ کے طور پر منا رہے ہیں۔ یہ بات ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر نور محمد اعوان نے کشمیریوں سے اظہار یک جہتی کے طور پر منائے جانیوالے یوم سیاہ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہی سیمینار ضلع کونسل ہال میں منعقد ہوا۔ سیمینار میں اے ڈی سی جی عباس رضا ناصر، صدر انجمن تاجران رانا محمد اشرف خاں، مذہبی عمائدین، طلباء، سرکاری محکموں کے ملازمین، پولیس، چیئرمین سی پی ایل سی، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اور سول سوسائٹی سے تعلق رکھنے والے (بقیہ نمبر 29)

ڈپٹی کمشنر بھکر ڈاکٹر نور محمد اعوان یوم سیاہ کے موقع پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کشمیریوں کیساتھ اظہار یکجہتی ڈگری میں بھی یوم سیاہ منایا گیا

کشمیر کو ہم نے اپنی شہ رگ سے تشبیہہ دی ہے، شہ رگ جسم سے جدا ہو تو جسم مردہ ہو جاتا ہے، کشمیر ہمارے زندہ ہونے کی علامت ہے

کشمیریوں کو انکی آزادی اور اتحاد کا فیصلہ کرنے کا حق دیا جائے، مختیار کارڈگری حمید اللہ رند، تعلقہ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری تیجا رام

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) ملک بھر کی طرح ڈگری میں بھی جمعہ 27 اکتوبر کو یوم سیاہ کے موقع پر کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے مختیار کار ڈگری حمید اللہ رند، تعلقہ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری تیجا رام، تعلقہ ایجوکیشن آفیسر پرائمری درمحمد شالمانی، پرنسپل گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول ڈگری عبدالستار نوحانی. اسسٹنٹ مختیار کار ڈگری ایاز شالمانی کی زیر قیادت ایک ریلی کا انعقاد (بقیہ نمبر 49)

لاہور، گورنر پنجاب بلیغ الرحمن یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر تصویری نمائش دیکھ رہے ہیں

سینٹ کا اجلاس یکم نومبر تک جاری رہے گا، ہاؤس بزنس ایڈوائزری کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ کی ہاؤس بزنس ایڈوائزری نے فیصلہ کیا ہے کہ سینٹ کا اجلاس یکم نومبر تک جاری رہے گا۔ سینیٹ کی ہاؤس بزنس ایڈوائزری کمیٹی کا اجلاس جمعہ کو پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا۔ چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کی زیر صدارت کمیٹی نے سینیٹ کے 332 ویں اجلاس کے دوران ہونے والی قانون سازی کے معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ کمیٹی اجلاس (بقیہ نمبر 51)

سیوریج لائن کی کھدائی کے دوران مین ہول میں گر کر 3 مزدور جاں بحق

رحیم یار خان (آئی آئی پی) رحیم یار خان میں سیوریج لائن کی کھدائی کے دوران مین ہول میں گر کر 3 مزدور جاں بحق ہو گئے جبکہ ایک کی حالت تشویشناک ہے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والے تینوں مزدور نئی سیوریج لائن ڈالنے کیلئے کھدائی کر رہے تھے کہ اسی دوران پہلے سے بند بوسیدہ گٹر لائن ٹوٹ گئی جس میں چاروں مزدور جا گرے۔ حادثے میں 3 مزدور موقع پر ہی دم توڑ گئے جبکہ ایک کو تشویشناک حالت میں نکال کر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

کشمیری عوام پر ظلم کی تاریخ دہائیوں پر محیط ہے، مرتضیٰ سولنگی

بھارتی مظالم کے باوجود کشمیریوں کے جذبہ آزادی میں اضافہ ہوا ہے

اسلام آباد (این این آئی) مقبوضہ کشمیر پر بھارت کے غیر قانونی تسلط کے خلاف یوم سیاہ کے موقع پر جمعہ کو وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں دفتر خارجہ سے کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لئے ایک ریلی نکالی گئی جس میں نگراں وفاقی وزیر اطلاعات و (بقیہ نمبر 50)

وزیراعلیٰ کا پی اینڈ ڈی آفس کا دورہ، فارن فنڈڈ پراجیکٹس کا جائزہ

فارن فنڈڈ منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کی یقین دہانی

لاہور (این این آئی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ (پی اینڈ ڈی) بورڈ آفس کا دورہ کیا اور فارن فنڈڈ پراجیکٹس کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے پہلی بار فارن فنڈڈ پراجیکٹس کی مشترکہ جائزہ کمیٹی کے (بقیہ نمبر 52)

مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف سے سابق رکن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر ملاقات کر رہے ہیں

اوجی ڈی سی ایل کی جانب سے ضلع گھوٹکی میں 9 ایمبولینسز کا عطیہ

کمیونٹی ویلفیئر کے عزم کا تسلسل تھا

آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) نے صوبہ سندھ کے ضلع گھوٹکی میں 9 جدید ایمبولینسیں تقسیم کیں

وزیراعلیٰ سندھ نے او جی ڈی سی ایل کی شاندار کاوشوں کو سراہتے ہوئے ادارے کی صحت عامہ کی جانب خصوصی توجہ کی تعریف کی

اسلام آباد (چیف رپورٹر) کمیونٹی کی فلاح و بہبود کے لیے اپنی غیر متزلزل وابستگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے، آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) نے صوبہ سندھ کے ضلع گھوٹکی میں 9 جدید ایمبولینسیں تقسیم کیں۔ پاکستان کے کارپوریٹ سیکٹر میں کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (CSR) کے اقدامات میں سب سے اہم کردار ادا کرنے والے ادارے، او جی ڈی سی ایل نے ملک بھر کی کمیونٹیز کو کل 100 ایمبولینسیں عطیہ کر کے صحت کی دیکھ بھال کے بنیادی ڈھانچے کو تقویت (بقیہ نمبر 53)

او جی ڈی سی ایل کی طرف سے فراہم کی گئیں ایمبولینسز کی چابیاں وزیراعلیٰ سندھ وصول کر رہے ہیں

جمہوریت میں خاموشی نہیں ہوتی شور ہوتا ہے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) نگراں وفاقی وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے کہ جمہوریت میں خاموشی نہیں ہوتی شور ہوتا ہے مذاکرات ہوتے ہیں پھر حل نکلتا ہے۔ جمعہ کو سینیٹ میں منعقدہ اجلاس میں مرتضیٰ سولنگی پریس گیلری میں پہنچے۔ مرتضیٰ سولنگی نے سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جمہوریت میں خاموشی اور سکون نہیں ہوتا بلکہ جمہوریت میں شور، آوازیں اور مذاکرات ہوتے ہیں اور پھر حل ہوتا ہے۔

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 9 روز میں 5 ہزار سے زائد گاڑیاں بند

لاہور (این این آئی) لاہور میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر 9 روز کے دوران 5 ہزار 890 موٹر سائیکلیں، گاڑیاں اور رکشے تھانوں میں بند کر دیئے گئے۔ کام کے مطابق ون وے کی خلاف ورزی پر 8 ہزار سے زائد گاڑیوں کو روک، دو ہزار روپے جرمانہ کیا گیا، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کو روکنے کے لئے 128 ون وے مقامات پر ٹریفک وطلبی پولیس کی نفری تعینات ہے۔ سی ٹی او لاہور مستنصر فیروز نے کہا کہ ون وے کی دوبارہ خلاف ورزی پر ڈرائیور کیخلاف مقدمہ درج ہوگا۔

سینٹ میں خواتین کیخلاف تشدد کی روک تھام کا بل پیش

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹر شیری رحمان نے خواتین کیخلاف تشدد کی روک تھام کا بل پیش کر دیا۔ بل کے مطابق خواتین کیخلاف تشدد کی روک تھام کیلئے ہیلپ لائن قائم کی جائے گی